مطابق اپریل ۲۰۰۶ء، فون نمبر 2541951 - 0321-2834249

قیمت وصفحات: قیمت درج نہیں، صفحات ۹۶

مرتب ماشاء اللہ اعلیٰ دینی جذبات کے حامل ہیں، اور ذاتی آمدنی سے سیرت طیبہ ﷺ کی خدمت میں مصروف ہیں، ایسے افراد آج ناپید ہوتے جا رہے ہیں، اس مجموعہ میں منتخب مضامین شامل کیے گئے ہیں۔ موصوف نے تاجر طبقہ کو دینی امور کی جانب متوجہ کرنے کے لئے بہت اچھی کوشش کی ہے۔ انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کے پلیٹ فارم سے اس موضوع پر گریج یونیورسٹی کے اشتراک سے ایک کانفرنس ''تبلیغ دین میں تاجروں کا کردار'' کا اعلان کیا گی تھا، لیکن ڈاکٹر انصار الدین مدنی کے گلگت یونیورسٹی میں چلے جانے کے بعد یہ پروگرام اب تک منعقد نہیں ہو سکا ہے۔ جس پر ہمیں افسوس ہے، انشاء اللہ جلد اس پر پیش رفت کا اعلان کیا جائے گا۔ حافظ محمد عارف صاحب نے سیرت النبی ﷺ پر ہونے والے کاموں کا بہت محنت سے احاطہ کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مزید خدمات کے قابل بنائے، قارئین سابقہ مجلہ میں جہاں سیرت پر تبصرہ ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

کتاب کا نام: اسماء اللہ عزوجل قرآن وحدیث کے مطابق۔ جلد دوم

مولف/مصنف کا نام: رشید اللہ یعقوب

ناشر: رحمۃ للعالمین ریسرچ سینٹر مکان نمبر ۸، زمزمہ اسٹریٹ نمبر ۳، زمزمہ کلفٹن کراچی: 75600، فون: 5877561، فیکس: 5877562

قیمت وصفحات: قیمت درج نہیں، صفحات ۶۳۲

رشید اللہ یعقوب صاحب جنہوں نے جہد مسلسل کے ذریعہ رزق حلال کمایا اور پروڈینشل بینک کے قیام میں کامیاب ہوئے، اب مطالعہ کرنے، اور تصنیف وتالیف کے کام میں مشغول ہیں، آپ کا اہم کارنامہ عظیم لائبریری کا قیام ہے۔

تاجروں، بینکاروں اور مالداروں کے لئے آپ کی یہ مساعی کامل نمونہ ہے۔ رشید اللہ